فوری ریلیز کے لیے: 3/8/2022

گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کا ریاست نیو یارک اور نیو یارک سٹی کے لیے خوراکوں کی فیز 3 وفاقی الاٹمنٹ ہو جانے کے بعد منکی پاکس کی ویکسین کی تازہ ترین تقسیم کا اعلان***

***گورنر نے یہ اعلان بھی کیا کہ ریاست نیو یارک کا محکمہ صحت منکی پاکس ویکسین میں مساوات کی نئی کاوش کا آغاز بھی کرے گا***

***گورنر کی منکی پاکس پریزینٹیشن کے چارٹس یہاں پیش کیے گئے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج JYNNEOS ویکسین کے تازہ ترین دور کا اعلان کیا جو کہ صحت کے مقامی محکموں کو تقسیم کی جائے گی۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ملک بھر میں مختص کی گئی تمام ویکیسنوں کو بہترین طریقے سے استعمال میں لایا جائے، فیز 3 کی ایلوکیشنز کو وفاقی حکومت، ریاستوں کے ویکسین لگانے کے دوران تین قسطوں میں تقسیم کر کے بانٹ رہی ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت کی پہلی قسط 11,840 ویکسینوں پر مشتمل ہو گی (یعنی ریاست نیو یارک کے لیےفیز 3 میں کُل مختص شدہ کا 40 فیصد)۔ فیز 3 کی پہلی قسط میں نیو یارک سٹی کو تقریباً 32,000 خوراکیں وصول ہوں گی، جو کہ وفاقی حکومت سٹی کے محکمہ صحت کو براہ راست بھیجے گی۔

"ہم عوامی صحت کی اس ہنگامی صورتحال کے سامنے ڈٹ کر اس کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی مسلسل جارحانہ کاوشوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ریاست نیو یارک کی تمام کمیونٹیز میں منکی پاکس کی مزید ویکسینوں کی تقسیم جاری رکھے ہوئے ہیں،" گورنر Hochul نے کہا۔ "وفاقی حکومت کی جانب سے تازہ ترین مختص کیا جانا ہمیں زیادہ لوگوں تک پہنچنے اور ان کی حفاظت کرنے میں مدد دے گا، اور ہم اور زیادہ ویکسینیں حاصل کرنے، ٹیسٹنگ کی صلاحیت کو بڑھانے، عوام کو ذمہ داری کے ساتھ آگاہی دینے اور جو سب سے زیادہ خطرے کا شکار ہیں ان کی حفاظت کرنے کے لیے چوبیس گھنٹے کام کرنا جاری رکھیں گے۔"

NYSDOH ویکسین کی مساوی تقسیم کے عزم پر بھی مضبوطی سے قائم ہے اور اہلیت کا معیار سب سے زیادہ کیسز والے علاقوں کے وہ افراد رہیں گے جن کے زد میں آنے یا ممکنہ طور زد میں آ چکے ہونے کے متعلق علم ہو۔ اس کاوش کے حصے کے طور پر، 1,000 خوراکیں AIDS انسٹیٹیوٹ کے شراکت دار فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر ویکسینوں تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے اور پسماندہ آبادیوں پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے ایک نیا پائلٹ پروگرام شروع کرنے کے لیے مخصوص کی جائیں گی۔

جمعے کو، گورنر نے وفاقی تقسم کے فیز 3 کے دوران تقریباً 110,000 مزید ویکسینیں ریاست نیو یارک اور ریاست نیو یارک سٹی کو بھیجے جانے کے وفاقی منصوبوں کا خیر مقدم کیا، جن میں ان خوراکوں میں سے 30,000 آنے والے ہفتوں کے دوران آرڈر کرنے کے تین علیحدہ مراحل کے ذریعے ریاست کو ملیں گی۔ نیو یارک سٹی محکمہ صحت اور ذہنی حفظان صحت کو اس ہی مدت کے دوران تقریباً 80,000 خوراکیں ملیں گی۔

**ریاستی کمیشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا،** "ہم یہ یقینی بنانے کے لیے جارحانہ انداز میں کام جاری رکھیں گے کہ نیو یارک کے شہریوں کو اس وباء میں کمی لانے اور اپنی حفاظت کرنے کے لیے درکار ذرائع

بشمول ویکسین، ٹیسٹنگ اور علاج تک مساوی رسائی کے ساتھ ساتھ وائرس کو سمجھنے، علامات پہچاننے اور زد میں آنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے درکار معلومات دستیاب ہوں۔ ان ذرائع سے نیو یارک کے شہری اس تکلیف دہ وائرس سے اپنی اور اپنے پیاروں کی حفاظت کر سکتے ہیں۔

فیز 3 کی قسط 1 میں وفاقی حکومت کی جانب سے ریاست نیو یارک کے لیے مختص شدہ 11,840 خوراکوں میں سے کُل 4,020 سافک کاؤنٹی کو تقسیم کی جائیں گی؛ 860 ایری کاؤنٹی کو؛ 600 اونونڈاگا کاؤنٹی کو؛ 500 البانی کاؤنٹی کو؛ 500 مونرو کاؤنٹی کو؛ 80 راکلینڈ کاؤنٹی کو؛ 80 سولیوان کاؤنٹی کو تقسیم کی جائیں گی۔ مزید 4,000 خوراکیں نیو یارک سٹی کے لیے مختص کی جائیں گی، جہاں پر ریاست کے کیسز کی بڑی اکثریت پائی جا رہی ہے۔ کچھ کاؤنٹیز جن کو سابقہ مراحل میں ایلوکیشنز وصول ہوئیں تھیں وہ ابھی تک فیز 2 میں مختص شدہ کی تقسیم اور لگائے جانے کے عمل میں مصروف ہیں اور ان کو اس وقت مزید ویکسینیں نہیں ملیں گی۔ محکمہ ان کاونٹیز کے کیسز کے لیے بھی 200 مخصوص کرے گا جن کی شناخت ابھی نہیں ہوئی۔

منکی پاکس کی موجودہ وباء کے متعلق پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسِس (Post-Exposure Prophylaxis, PEP) کی ہدایات دینے والی CDC کی رہنمائی کے مطابق، پہلے سے زد میں آچکے یا ممکنہ طور پر زد میں آچکے افراد کو کاؤنٹیز کے لیے ریاست کی ایلوکیشنز میں ترجیح حاصل ہے۔

اہلیت میں نیو یارک کے یہ باشندے شامل ہیں:

- گزشتہ 14 دنوں میں حالیہ طور پر منکی پاکس کی زد میں آنے والے افراد۔
- وہ افراد جو حالیہ طور پر منکی پاکس کی زد میں آنے کے سب سے زیادہ خطرے کی زد میں ہیں، بشمول ہم جنس پرست، دو جنسی، ٹرانسجینڈر اور کسی صنف کے ساتھ منسوب نہ ہونے والے افراد کی کمیونٹی اور ان مردوں کی دیگر کمیونٹیز جو مردوں کے ساتھ جنسی تعلقات بناتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ گزشتہ 14 دنوں کے دوران ان علاقوں میں اختلاطی یا جسمانی رابطے میں آئے ہیں جہاں منکی پاکس پھیل رہا ہے۔
- وہ افراد جو منکی پاکس کی سرگرمی کا سامنا کرنے والے کسی سماجی حلقے میں کسی کے ساتھ جسمانی رابطے میں آئے ہوں، بشمول ایسے مرد جو ان مردوں کے ساتھ جنسی تعلق بناتے ہیں جو کسی ویب سائٹ، ڈیجیٹل ایپلیکیشن ("ایپ") کے ذریعے؛ یا کسی سماجی موقعے پر جیسے کسی بار یا پارٹی میں، ساتھیوں سے متعارف ہوتے ہیں۔

آج کا اعلان ریاست نیو یارک کی منکی پاکس پر جاری ردعمل کی کوششوں، بشمول مزید ویکسینز کے حصول کو یقینی بنانے، جانچ کی صلاحیت کو بڑھانے، اور نیو یارک کے باشندوں میں تازہ ترین معلومات اور وسائل کی تقسیم کو آگے بڑھاتا ہے۔ گزشتہ ہفتے، گورنر Hochul نے ایک ایگزیکٹو حکم نامہ جاری کر کے منکی پاکس کی موجودہ وباء کے جواب میں ایک ریاستی آفت کی ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا۔ ایگزیکٹو آرڈر ریاست کو اس وباء پر زیادہ تیزی سے جواب دینے کے قابل بناتا ہے اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہرین کو اضافی اقدامات کرنے کی اجازت دیتا ہے جس سے نیو یارک کے زیادہ رہائشیوں کو ویکسین لگوانے میں مدد ملے گی۔ یہ ایگزیکٹو حکم نامہ خصوصی طور EMS کے عملے، فارماسسٹس اور دائیوں کو شامل کر کے منکی پاکس کی ویکسین لگانے کے اہل افراد کے حلقے کو وسیع کرتا ہے؛ معالجوں اور سند یافتہ پیشہ ور نرسز کو ویکسینوں کے لیے مریض کے نام کی شناخت کے بغیر اسٹینڈنگ آرڈر جاری کرنے کی اجازت دیتا ہے؛ اور فراہم کنندگان سے ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت کو ویکسین کا ڈیٹا بھیجنا درکار کرتا ہے۔

حال میں ہی، گورنر Hochul نے اعلان کیا ہے کہ وفاقی حکومت نے ویکسین کی اضافی 110,000 خوراکیں حاصل کر لی ہیں، جس کے نتیجے میں اب تک نیو یارک کی خوراکوں کی کُل تعداد 170،000 ہو گئی ہے۔ گورنر Hochul اور محکمہ صحت؛ وائٹ ہاؤس، امراض پر قابو پانے اور روک تھام کے مراکز ( Center for Disease Control and Prevention, CDC) اور ایڈمنسٹریشن فار اسٹریٹجک پریپریڈنس اینڈ رسپانس (Administration for Strategic Preparedness & Response, ASPR) کے ساتھ اپنی جاری رابطہ کاری برقرار رکھے ہوئے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک کو ویکسین کی فراہمی میں اپنا مناسب حصہ

دستیاب ہوتے ہی ملنا جاری رہے، خاص طور منتقلی کی بلند شرحوں والی کمیونٹیز میں موجود نیو یارک کے رہائشیوں کے لیے۔

گزشتہ ہفتے، نیو یارک کی ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett نے ریاست نیو یارک میں منکی پاکس کو صحت عامہ کے لیے ایک فوری خطرہ (Imminent Threat to Public Health, ITPH) قرار دیا۔ اس مہینے کے شروع میں، NYSDOH نے نیو یارک کے باشندوں کو منکی پاکس کی تازہ ترین معلومات براہ راست پہنچانے کے لیے ایک نئی SMS-ٹیکسٹ نوٹیفکیشن کی کاوش شروع کی۔ "MONKEYPOX" لکھ کر یا ہسپانوی میں ٹیکسٹ کرنے کے لیے "MONKEYPOXESP" لکھ کر 81336 پر بھیج کر، نیویارک کے مکین ٹیکسٹ میسجز کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں — جس میں کیسز، علامات، پھیلاؤ، اور ٹیسٹنگ اور ویکسینیشن کے وسائل کے بارے میں الرٹس شامل ہوں گے۔ زپ کوڈ فراہم کر کے، نیویارک کے مکین مقام پر مبنی پیغامات حاصل کرنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔

NYSDOH کی مختص شدہ ویب سائٹ، جو تازہ ترین معلومات کے ساتھ اپ ڈیٹ رہتی ہے پر مفت، ڈاؤن لوڈ کے قابل مواد بشمول ایک پام کارڈ، معلوماتی کارڈ، معلوماتی پرچہ اور پوسٹرز انگریزی اور ہسپانوی دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔ NYSDOH پہلے ہی ان وسائل کو LGBTQ+ تنظیموں، کاؤنٹی کے صحت کے مقامی محکموں، نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان، اور کاروباروں میں تقسیم کر چکا ہے۔ NYSDOH نے منکی پاکس کے کیسز کی بلند تر شرحوں کا سامنا کرنے والی کمیونٹیز تک معلومات پہنچانے کے لیے ایک ڈیجیٹل اشتہاری مہم پر بھی خرچہ کیا ہے۔

عوام سے رابطے کے علاوہ، ریاست نیویارک کا محکمۂ صحت علاقوں میں ویکسین کی تقسیم پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ مقامی کاؤنٹی کے صحت کے محکمے جنہیں رسد موصول ہوئی ہے وہ براہِ راست ویکسین لگا رہے ہیں اور ویکسین لگانے کے لیے ملاقات کا وقت دینے کے عمل کا اپنا طریقۂ کار بنا رہے ہیں۔ کاؤنٹیوں کے ساتھ شراکت میں کام کرتے ہوئے، نیویارک کے مکین جو مقام پر مبنی الرٹس کے لیے سائن اپ کرتے ہیں وہ ویکسین کی دستیابی، کلینک کے مقامات، نظام الاوقات، اور اپنے علاقے کے لیے مخصوص منکی پاکس سے متعلق دیگر تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اس سے قبل اس ماہ کے دوران NYSDOH نے نیو یارک سٹی محکمہ صحت اور ذہنی حفظان صحت (NYCDOHMH, New York City Department of Health and Mental Hygiene) کے ساتھ شراکت داری میں، کمیونٹی کے رہنماؤں کے لیے ایک منکی پاکس ٹاؤن ہال کی میزبانی کی جس کی قیادت ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett اور سٹی کمشنر برائی صحت ڈاکٹر Ashwin Vasan نے کی۔

منکی پاکس کے متعلق مزید معلومات، بشمول ہر کاؤنٹی کے حوالے سے کیسز کی تعداد، علاج اور نگہداشت کے لیے health.ny.gov/monkeypox ملاحظہ کریں۔

نیو یارک کے شہری ریاست نیو یارک کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے ویکسین کی پہلی ایلوکیشن کے متعلق یہاں سے اور دوسری ایلوکیشن ("A2") کے متعلق یہاں سے اور ("B2") کے متعلق یہاں سے جان سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

*ان سبسکرائب کریں*